ے سائله دا منم چې ستا شړئ شلول اسان دی
خو شال به پکښې بائیلی د شالونو څوکیدار

ډیره زیاته مهربانی، ډیره زیاته مننه او د زړه د کومی خپل هغه بنائسته، شین سترګی، تعلیم یافته ځوان، Committed او ډیر ښه پارلیمنټیرین ته د زړه د کومی دا سې ډالئ وړاندې کوم څنګه چې د هغه په سیټ باندې دا ګلونه پراته دی۔ سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سید محمد علی شاه باچاصاحب۔

سید محمد علی شاه: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ زه خو سپیکر صاحب، اول د دې چې کوم اسرار خان باندې دهماکه شوې ده او هغه پکښې شهید شوے دے، د دې پرزور الفاظو سره مذمت کوم۔ جناب سپیکر صاحب! خبرې خدائے شته ډیرې زیاتې د اسرار خان په کردار هم وشوې، په امن و امان باندې هم وشوې، او دیکښې خدائے شته هیڅ شک نشته چې د اسرار شهید کردار که دې اسمبلئ کښې دننه وو او که د اسمبلئ نه بهر وو او بیا مونږ سره جناب سپیکر صاحب! تقریباً لس کاله یوځائې، تقریباً دا یوولسم کال دے چې مونږ یو څو ملګری یوولس کاله په دې اسمبلئ کښې یوځائې پاتې شو او د هغه دکه درد، زمونږ

ناسته پاسته بیا ډیره یوځائې وه او مونږ ډیر د نیزدې نه یو بل سره د ورونو په شان تعلق وو او دیکښې هم څه شک نشته جناب سپیکر صاحب چې یو بهترین پارلیمنتېرین سره سره خدائے ګواه دے چې یو بهترین انسان وو او پښتون انسان وو، یو نډر انسان وو، نن هغه زمونږ په دې اسمبلئ کښې زمونږ په مینځ کښې نشته، د هغه خدائے شته چې کوم کردار پاتې شوے وو، نه ئے د چا سره دشمنی وه، نه ئے د چا سره پوله پټے شریک وو، د هغه صرف او صرف یو ګناه وه چې د خپل قوم، د خپلې علاقې، د خپلې خاورې د دې صوبې ښه په ایماندارئ خدمت کړے دے خو زه نن د ډیر افسوس سره دا خبره کوم او هغه ظالمانو ته چې کوم نن اسرار خان شهید کړے دے، هغه ظالمانو ته د دې اسمبلئ په وساطت سره دا خبره کوم چې خدائے به مو تباه کوی او ان شاءالله تعالیٰ دا زما پوره پوره یقین دے، بحیثیت یو مسلمان چې بې ګناه انسان وژل، مسلمان وژل، زه وایم چې د هغوی به د جهنم اخرنی تل به ان شاءالله تعالیٰ ځائے وی که خیر وی۔ نن خدائے شته زما زړه ډیر څه غواړی او زړه مې ډک هم دے جناب سپیکر صاحب، خو دا د زړه نه درته دا خبره کوم چې د دې مسئلې، د دې خبرې تدارک به مونږ څنګه کوؤ جناب سپیکر صاحب؟ نن که صوبائی حکومت په فیډرل حکومت باندې دا بوجهـ اچوی چې یره دا د فیډرل ګورنمنټ کار دے، فیډرل ګورنمنټ رالګی او هغه د صوبې په حکومت باندې دا دغه وراچوی چې دا د صوبې مسئله ده، د دې حل کول، زه صرف د دې صوبې حکومت نه دا یو تپوس کول غواړم جناب سپیکر صاحب، نن څلور میاشتې وشوې، پینځه میاشتې وشوې د دې اسمبلئ او درې ایم پی ایز زمونږ شهیدان شو، چې کله نه اے پی سی شوې ده جناب سپیکر صاحب، د هغې نه پس څه دوه دوه نیم سوه کسان شهیدان شو، د دغه کسانو ذمه واری به څوک اخلی؟ نن صوبائی حکومت نه صرف دا زه تپوس کوم چې د دې خاورې، د دې خلقو، د دې قام به څوک د دغه تپوس کوی جناب سپیکر صاحب؟ دا ذمه واری د صوبائی حکومت ده د دې لاء اینډ آرډر، که دا د فیډرل ګورنمنټ ذمه واری ده جناب سپیکر صاحب؟ نو کم از کم سترګې مونږ له نه دی پټول پکار، کم از کم دا دغه مونږ له Own کول پکار دی جناب سپیکر صاحب، که مونږ همیشه دغسې کسان، دا سې ګلدستې به دلته په دې کرسو باندې پرتې

وی، مونږ به پرې اجلاسونه راغواړو او اپوزیشن والا به وائی چې مونږ دا جنګ Own کوؤ او حکومت والا به دا خبره کوی چې مونږ دا جنګ نه Own کوؤ، دا د کومې پورې به دا سلسله روانه وی جناب سپیکر صاحب؟ پکار ده چې مونږ خپله ذمه واری چې کوم زمونږ د صوبائی حکومت ذمه واری ده، پکار ده چې هغه مونږ اپناؤ کړو جناب سپیکر صاحب، هغه مونږ Own کړو، هغه ذمه واری مونږ ولې نه Own کوؤ؟ نو کم از کم دا زما د ورورولی ریکویسټ دے چې دا اور وژل پکار دی او زمونږ صرف دا بدقسمتی ده جناب سپیکر صاحب چې دا په دې خاوره باندې دا اور لګیا دے او خدائے د کړی چې دا اور بند شی او که دا سلسله شروع وه نو جناب سپیکر صاحب، دا یقین ساته چې دا خو صرف درې کسان په دې څلورو میاشتو کښې لاړل چې دا پینځه کاله تیرېږی خدائے شته زه وایم چې دلته به تقریباً نیم ایم پی ایز زمونږ خدائے د نه کړی، نه به وی نو دا به کومې پورې مونږ دا دغه کوؤ؟ مذاکرات کوی حکومت پکار ده چې یو Sincere effort سره کښېنی او مذاکرات وکړی۔ نن که د پولیس یو Role دے، د ګورنمنټ یو Role دے، پکار ده چې هغه په احسن طریقې سره اپناؤ کړو۔ نو جناب سپیکر صاحب، زړه مې ډیر څه غواړی خو بس صرف دا مې صوبائی ګورنمنټ ته خواست دے چې کم از کم د دې تدارک پکار دے، که هغه په مذاکراتو وی، بابک صاحب خبره وکړه چې مونږ درسره یو، زه دا منم چې حکومت که فیډرل حکومت دے که پراونشل حکومت دے، د ډیرو مشرانو مشرانو کسانو نه مو دا واوریدلStatement چې یره په تیر ګورنمنټ کښې هم دومره دهماکې شوې دی، زه دا منم چې تیر ګورنمنټ کښې چوده پندره ایم پی ایز شهیدان شوی دی، افسران ښه ښه شهیدان شوی دی خو ګورنمنټ هغه جنګ Own کړے وو جناب سپیکر صاحب، حکومت خپله ذمه واری ګڼله، هغوی خپل Protection ورکولو عوامو له، کم از کم دا حکومت د هم دا جنګ Own کړی، دې خلقو له د Protection ورکړی، د دې خاورې د بچاؤ د پاره د تدارک وکړی۔ که دا بلیمونه مونږ په یو بل باندې لګوؤ، خدائے شته چې د دې خاورې زمونږ د پښتنو تباهی، د تباهئ انجام به هم دا وی جناب سپیکر صاحب۔ نو زما په اخره کښې اسرار خان د خدائے وبخښی، هغه هسې هم بخښلے ئے دے، صرف

ظاهری دلته د دې دنیا نه لاړو، شهیدان چرته هم نه مری، خدائے د د دوئ چې کوم خاندان دے، هغوی له هم د خدائے حوصله ورکړی او ان شاء الله تعالیٰ داسې مرګ خدائے شته هر چا له جناب سپیکر صاحب، نه راځی، خدائے د مونږ ټولو له داسې د بهادرئ، د شهادت مرګ دې ټولې اسمبلئ ته د نصیب شی۔ ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر یوسف ایوب پلیز۔ مسٹر یوسف ایوب صاحب۔

وزیر برائے مواصلات و تعمیرات: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ بابک صاحب نے اور محمد علی شاہ صاحب نے بڑی اچھی اور Realistic باتیں کی ہیں جی لیکن معذرت کے ساتھ شاید کوئی ایسا Impression دینے کی کوشش کی جارہی ہے کہ یہ جو کچھ اس صوبے میں ہو رہا ہے تو صوبائی حکومت بالکل سوئی ہوئی ہے اور اپنے آپ کو اس سے دور رکھ رہی ہے، کوئی ایسی بات نہیں ہے، میں کچھ چیزیں اس ہاؤس کے سامنے ضرور رکھنا چاہونگا۔ جدھر تک اے پی سی کی بات تھی، چاہے میری پارٹی ہے، چاہے آپ کی پارٹی ہے، ادھر مختلف پارٹیز کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے تو آنکھیں بند کر کے مینڈیٹ فیڈرل گورنمنٹ کو دیدیا ہے، پاکستان کی تمام بڑی سیاسی جماعتوں نے کہ جی آپ مذاکرت کریں، اے پی سی کا یہ فیصلہ ہے، ہم آپ کے ساتھ ہیں، ہم تو منتظر ہیں ابھی فیڈرل گورنمنٹ کے کہ وہ جو مینڈیٹ پاکستان کی ساری سیاسی پارٹیوں نے دیا ہے پرائم منسٹر صاحب کو، وہ کب مذاکرات شروع ہونگے؟ جدھر تک صوبے کا تعلق ہے، یہ بالکل ہماری ذمہ داری ہے، یہ جو Incidents ہوئے ہیں، یہ ظاہر ہے جو صوبائی حکومت ہوگی، اس کی ذمہ داری ہوگی اور اس میں میں کچھ چند پوائنٹس کیونکہ یہ صوبہ ہم سب کا ہے جی، اور جو صوبائی حکومت کوئی اقدام لے رہی ہے، وہ آپ کو بھی پتہ ہونا چاہیئے اور وہ اس Terrorism کو روکنے کیلئے ہے۔ جو سب سے آخر میں کابینہ کی میٹنگ ہوئی تھی، اس میں کابینہ نے Approval دیدی ہے ایک نئی فورس بنانے کی اور جو ہنگامی بنیادوں پہ کھڑی کی جائے گی، جس کا Counter Terrorism Department ہوگا اور Directly وہ آئی جی کے نیچے کام کرے گی، ان کا اپنا ایک Command and Control System ہوگا، ان کے فنکشنز میں Intelligence collection، کیونکہ انٹیلی جنس کا ادھر کوئی ٹھوس قسم کا انتظام ہمارے صوبے میں تھا ہی نہیں بد قسمتی سے، Surveillance of suspects جس میں

Arrest، Raids , کرناTerrorists کو، Interrogate کرنا، Investigate کرنااور پھران کے کیسز کو عدالتوں میں Pursue بھی کرنا، یہ اس ڈیپارٹمنٹ کا کام ہوگااور یہ ہنگامی بنیادوں پہ یہ Counter Terrorism Department اسٹیبلش کیا جائے گا۔ بم ڈسپوزل یونٹس برائے نام تھے ادھر، لھذا21 نئے بم ڈسپوزل یونٹس قائم کئے جائیں گے اور آپ نے دیکھا ہوگا، دوسرے صوبوں میں بھی یا جدھر بھی آپ جائیں، بڑی بڑی عمارتوں میں جائیں Sensitive یا کسی بڑے ہوٹل میں جائیں، آجکل Sniffer dogs جو ہمارے صوبے کے پولیس کے پاس بالکل Available نہیں تھے، تقریباً پندرہ Sniffer dogs کا بھی آرڈر کردیا گیا ہے اور 21 نئے بم ڈسپوزل یونٹس جو ہیں، وہ قائم کئے جائیں گے۔اس کے ساتھ ساتھ Coaming، جیسے آج یہ مسئلہ ہوااور ہمارے صحافی بھائیوں نے بائیکاٹ بھی کیا، یہ سرچ آپریشن، Coaming کرنا، یہ ایک سلسلہ تقریباً صوبے کے ہر ڈویژن ہر ڈسٹرکٹ میں شروع ہوگیا ہے اور پولیس کی رپورٹ کے مطابق ابھی تک 57 terrorists arrest ہوئے ہیں جن میں 18 کو مار دیا گیا ہے اور تقریباً Explosive material 16815 Kg ابھی تک پکڑا جاچکا ہے ان Raids کی وجہ سے اور تقریباً 999 hand grenades, dynamite, detonators, anti tank mines ریکور ہوئے ہیں جس میں تقریباً پونے نوسو راکٹ لانچرز بھی موجود ہیں اور اس میں 12 Suicide jackets بھی پکڑے گئے ہیں۔ مارکیٹ ایریاز میں پولیس نے اور جو مارکیٹ کی Elected committees ہیں، ان کے درمیان ٹریڈرز کی آپس میں سیکورٹی کیلئے میٹنگز ہوئی ہیں اور سیکورٹی کو Enhance کیا گیا ہے۔ پشاور کے حوالے سے بابک صاحب نے بات کی ہے، دوسو Identify Spots کئے گئے ہیں یہ صرف پشاور کیلئے جدھر CCTV Cameras جو ہیں، ہمارا ایک پراجیکٹ ہے، Safe City Project، اس کے تحت ادھر لگیں گے۔ اسی طرح باقی صوبے میں بھی جتنی اہم قسم کی چیک پوسٹیں ہیں، ادھر بھی یہ سی سی ٹی وی کیمرے جو ہیں، وہ انسٹال کئے جائیں گے، جوائنٹ ٹاسک فورس، پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور، فرنٹیئر کنسٹیبلری، پولیس انہوں نے Establish کی ہیں آپریشن دہشت گردوں کے خلاف کرنے کیلئے اور وہ شروع ہو گئے، جو آج بھی یہ Raid ہوا ہے، یہ پولیس اور فرنٹیئر کور کا جوائنٹ آپریشن تھا، سرچ آپریشن۔ حیات آباد میں بہت بڑا مسئلہ تھا اور جو ہمارا بارڈر خیبر ایجنسی کے ساتھ لگتا ہے، اس کے ساتھ ایک

دیوار تھی جو تقریباً توڑ دی گئی ہے، اس کی Rebuilding کی بھی ہدایت کی جا چکی ہے کہ اس کو بالکل واپس اسی طریقے سے بنایا جائے تاکہ آمد و رفت ٹرائیبل ایریا سے سٹلڈ ایریا میں کم سے کم ہو سکے۔ ہماری گورنمنٹ نے فیڈرل گورنمنٹ کو اور چیف منسٹر نے خود یہ Takeup کیا ہے کہ فرنٹیئر کنسٹیبلری جو ہماری فورس ہے اور جو کہ پورے پاکستان میں پھیلی ہوئی ہے، اس کو واپس Deploy کیا جائے ہمارے صوبے میں، اور سب سے بڑا جو ادھر مسئلہ تھا کہ ہمارے پاس ابھی بھی درجنوں کے حساب سے سینیئر آفیسرز کی کمی ہے، آپ نے دیکھا ہو گا کہ ہمارے صوبے میں زیادہ تر شولڈر پروموشن دیکر ڈی پی اوز بھی لگائے جا رہے ہیں، ڈی آئی جیز بھی لگائے جا رہے ہیں تو فیڈرل گورنمنٹ کو صوبائی حکومت نے ریکویسٹ کی ہے کہ ہمیں وہی سٹیٹس دیا جائے، وہ ہارڈ ایریا کا جیسے بلوچستان کو دیا گیا ہے اور سینیئر افسر ادھر Deploy کئے جائیں۔ تو یہ چند اقدام ہیں جو کہ پچھلے کچھ دنوں میں کئے ہیں اور جن کی Implementation war footings پہ ہو رہی ہے، یہ نہیں کہ ہم کہہ رہے ہیں کہ جی ہماری کوئی ذمہ داری نہیں ہے، یہ ہم سب کی جوائنٹ ذمہ داری ہے، اس ہاؤس کی ذمہ داری ہے، اس حکومت کی ذمہ داری ہے۔ تو ان شاء اللہ جب یہ چیزیں In place آئیں گی، بلکہ آ چکی ہیں کافی، تو میرے خیال سے کافی بہتری اس میں آئے گی۔ میں یہ معذرت کے ساتھ کہ یہ کہنا جی کہ حکومت بالکل سوئی ہوئی ہے، وہ بات نہیں ہے، جو حکومت کی ایک ذمہ داری ہے، جو فنکشن ہے، وہ ان شاء اللہ پورے ایک احسن طریقے سے اپنی ذمہ داری نبھا رہی ہے۔ شکریہ جی۔

<u>جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات)</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک منٹ پلیز۔ جی عنایت اللہ خان صاحب۔

<u>وزیر بلدیات</u>: سر، میں اسرار اللہ خان گنڈاپور کی شہادت کے نتیجے میں جو ہماری سلیکٹ کمیٹی تھی، اس کے اندر جو کمی آئی ہے، اس حوالے سے ایک موشن پیش کرنا چاہتا ہوں، اس کی Formal آپ سے، ہاؤس سے اجازت لینا چاہتا ہوں۔ I beg to move that-----

<u>Mr. Acting Speaker</u>: Is it-----

<u>جناب شاہ حسین خان</u>: نہیں جی، آج کے دن یہ نہیں ہو سکتا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چونکہ یہ ضروری ہے، میرے خیال میں ہاؤس سے، (قطع کلامیاں) دیکھ لیتے ہیں، اجازت لے لیتے ہیں پھر اگر ہاؤس اجازت دیتا ہے۔

(قطع کلامیاں)

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں اس سلسلے میں بات کرنا چاہتی ہوں کہ جب اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب کی شہادت ہوئی تو ہم اپوزیشن والوں کی درخواست پر، ریکوزیشن پر یہ اجلاس بلایا گیا ہے اور آج ایک نکاتی ایجنڈا ہے جناب سپیکر، پھر بھی صرف اس شہید کی شہادت پر بات کی جائیگی۔ اسرار اللہ گنڈاپور صاحب کی جو شہادت ہے، وہ ہمارے لئے ناقابل تلافی ایک نقصان ہے، پورے صوبے کیلئے، پختون بیلٹ کیلئے، یہ پختونوں کی سرزمین ہے اور جب ایک نکاتی ایجنڈے پہ ہم لوگوں نے یہ اجلاس بلایا ہے، اس میں آپ نے دیکھا ہے کہ ہم نے کوئی آئٹم شامل نہیں کیا ہے ورنہ بہت سے آئٹمز تھے، ادھر سے امن وامان کا ہو سکتا ہے، دوسرا ہو سکتا ہے تو جناب سپیکر صاحب، کل کے دن کیلئے اگر یہ ٹھہر جائے اور ہماری جب بحث، آج ہم بارہ بجے تک رات کو بیٹھنے کیلئے تیار ہیں اور جب یہ بحث سمیٹ لی جائے پھر ضرور، کیونکہ یہ بھی آپ لوگوں کی بزنس ہے، ہم آپ کو بالکل، آپ کے ساتھ تعاون کریں گے کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ جو ہے، وہ Smooth طریقے سے اپنے تمام کام کرے لیکن چونکہ ابھی یہاں سے تقاریر پوری نہیں ہوئی ہیں، یہاں پہ ہم لوگوں نے بات نہیں کی ہے تو میرا خیال ہے، عنایت اللہ صاحب سے میں آپ کی وساطت سے درخواست کرتی ہوں کہ یہ ان کا بھی ہاؤس ہے، اسرار اللہ گنڈاپور صاحب ان کا بھی تھا، ہمارا بھی تھا، اس پورے صوبے کا تھا تو اگر یہاں پہ یہ تعزیتی اجلاس جب ختم ہو جاتا ہے تو ہم ان کو بالکل کہیں گے کہ آپ اٹھیں اور آپ اپنی بزنس اور ہم آپ کے ساتھ ہر وقت تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں تو اگر آپ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ، محترمہ میری Respectful submission یہ ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جی سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کہ دیکھیں یہاں پر آج جو اجلاس ہو رہا ہے کل سے، تو صرف اور صرف اسرار اللہ گنڈاپور شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے ہم نے یہ اجلاس طلب کیا، آپ لوگوں کی مہربانی سے لیکن اس کے

باوجود بھی میڈیا کی بات کو چونکہ آپ لوگوں نے ضروری سمجھا تواس پر بحث ہو چکی ہے، اب جہاں تک یہ سلیکٹ کمیٹی اور اسرار اللہ گنڈاپور صاحب بطور چیئرمین اس کمیٹی کے رکن تھے۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جی سر، جی سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ شہید ہو چکے ہیں تو یہ ہماری، میرے خیال میں گورنمنٹ کی شاید یہ مجبوری ہے کہ اس کو جو ہے، تو ضرور آگے بڑھ کر۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر، ایسا کریں، ایسا کریں، دو لوگوں کو یہاں سے بولنے کی اجازت دیدیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: پھر اس کے بعد یہ بولیں، یہ اپناوہ کر لیں۔ ولې بابک صاحب! که نه ؟

(عشاء کی اذان)

(ایوان میں خاموشی)

محترمہ نگہت اورکزئی: آپ ہمارے لئے محترم ہیں تو بالکل انہوں نے، ہمارے پارلیمانی لیڈرز نے یہ بات کی ہے تو بالکل ٹھیک ہے جی، آپ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت بہت شکریہ جی۔

مفتی سید جانان: نه جی، نه جی، نه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ جی۔

مفتی سید جانان: نه جی، نه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ جی۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب! مونږ هیڅ کله هم د دې خبرې اجازت نشو ورکولے ولې چې دا اجلاس صرف او صرف د اسرار الله خان صاحب په شهادت باندې د تعزیت د پاره راغوښتے شوے دے جی، کله چې اخری تقریر وشی نو د هغې نه بعد د دے وکړی۔ دوئ له پکار دی چې تر دې دا موشن د نه راوړی، دا د اسرار خان د ایصال ثواب د پاره، تعزیت د پاره دا اجلاس راغوښتے شوے دے ،

یوه ایجنډا ده، اول به جی هم هغې باندې خبره کیږی، اخر کښې که دا بیا کیږی اود شی ورکښې جی، هغې پورې به نه دغه کیږی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے جی، مفتی صاحب کی بات مان لیتے ہیں جی، ٹھیک ہے۔ میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ، پلیز۔

محترمہ نگہت اورکزئی: مفتی صاحب! ستاسو ډیره مهربانی چې تاسو د Continuation د پاره هغه کړو۔ جناب سپیکر صاحب، جب سامنے دیکھتے ہیں تو ایسا لگتا ہے کہ جیسے کوئی شہزادوں کی آن بان والا اور ایک ایسا شخص اور ایسی شخصیت جس پہ کہ پورے خیبر پختونخوا کو ناز تھا جناب سپیکر صاحب، کیونکہ ہم قلندر لودھی صاحب، مشتاق غنی صاحب، محمد علی شاہ باچا، شاہ حسین صاحب اور میرے ساتھ یہاں پہ بیٹھے ہوئے اور بہت سے میرے ساتھی ہیں کہ جن کے ساتھ یہ بارہواں سال تھا کہ ہم لوگ اکٹھے تھے لیکن جناب سپیکر صاحب، ایسی شخصیت جو ایسے گھر میں پیدا ہوئی کہ جہاں پہ سرداروں کا نظام تھا لیکن یہ وہ شخصیت تھی کہ جب اذان ہوتی تو نماز کیلئے سب سے پہلے، آئین کی بات ہوتی تو سب سے پہلے، قانون کی بات ہوتی تو سب سے پہلے اور جب شہادت کی بات ہوئی تو تب بھی سب سے پہلے۔ جناب سپیکر صاحب، آج میں سمجھتی ہوں کہ یہاں پہ جن جن لوگوں نے تقاریر کیں، ہمیں کچھ پتہ نہیں چلتا کہ وہ ظالم، وہ ظالم کس چیز پر میرے خیبر پختونخوا کی زمین کو خون سے رنگ رہے ہیں؟ جناب سپیکر صاحب، مجھے بالکل حکومت نے جو بیان دیا ہے، تمام چیزیں بجا، ظاہر ہے جو حکومت کرنے کیلئے آتے ہیں وہ اپنے عوام کی حفاظت بھی کریں گے، اپنے عوام کو Facilities دینے کیلئے جو انہوں نے وعدے کئے ہیں، وہ بھی دیں گے لیکن وہ الیکشن کے نعروں تک محدود ہو جائیں گے، یہ میرا کبھی بھی خیال نہیں تھا۔ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو میں اسراراللہ گنڈاپور صاحب اور ان کے ساتھ جتنے بھی شہید ہوئے ہیں، جتنے بھی جن کو ہم لوگ نہیں جانتے، ان کے نام نہیں آتے ہیں ہمیں، پولیس والے، جو سویلین ہیں، ان تمام لوگوں کی شہادت پہ یہ تعزیتی ریفرنس ہے لیکن ہم ان کو ان کی شہادت پہ مبارکباد دیتے ہیں کیونکہ شہید کبھی مرتا نہیں ہے، یہ الگ بات ہے کہ بچوں کو ان کا باپ نہیں مل سکے گا زندگی میں، بھائیوں کو ان کا بھائی نہیں مل سکے گا زندگی میں، بہنوں کو اپنا بھائی نہیں مل سکے گا، وہ بیوی جو ابھی صرف سات سال ہوئے تھے اس کی شادی کو، وہ کیسے زندگی گزارے گی؟ لیکن جناب سپیکر صاحب، یہاں پہ کچھ پوائنٹس ہیں جس پہ مجھے بات

کرنی ہے، کیا پتہ لگتا ہے کہ یہ ہماری آخری تقریر ہو اور مجھے اپنا Point of view دینا ہے جناب سپیکر، کیونکہ سوائے اللہ کی ذات کے نہ تو کسی سے ڈر لگتا ہے کیونکہ جب موت اسرار اللہ گنڈاپور صاحب کو اس کے حجرے میں آکر اس کو گلے لگا لیتی ہے تو یہ ہم سب لوگوں کیلئے ایک میسج ہے کہ اٹھو، چاہے جس جماعت سے بھی تعلق رکھتے ہو، چاہے جس مذہب سے بھی تعلق رکھتے ہو، اٹھو اور ایک پاکستانی قوم کی طرح ہاتھوں میں ہاتھ دیکر ان تمام لوگوں کیلئے سینہ سپر ہو جاؤ، سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جاؤ کہ جو لوگ ہماری نسلوں کو، جو لوگ ہمیں، جو لوگ ہمارے لوگوں کو، جو ہمیں انٹرنیشنل طور پر خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ دو باتیں ہیں، ابھی تک ہم Confuse ہیں، Confusion اس بات کی ہے کہ یہاں پہ بہت سی باتیں ہوتی ہیں کہ پچھلی گورنمنٹ، جب بھی ہم لوگ بات کرتے ہیں، وہاں سے بات آتی ہے، یہاں سے بات ہوتی ہے کہ جی پچھلی گورنمنٹ میں اتنے حملے ہوئے، اتنے لوگ مر گئے، اتنے لوگ شہید ہو گئے، جناب سپیکر صاحب! ہم نے Comparison نہیں کرنا، جو ہو گیا وہ ہوا، وہ ہماری حکومتوں میں ہوا اور ہم نے اس کو Own کیا، ہم نے یہ کبھی نہیں کہا کہ یہ کس کی جنگ ہے؟ ہم نے کہا جب جنگ ہے تو ہماری جنگ ہے، اگر ہم پر مسلط کر بھی کی گئی ہے تو یہ اب ہماری جنگ ہے اور جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے توسط سے ایک اور بات ضرور کرنا چاہوں گی صوبائی گورنمنٹ کو کہ پچھلی دفعہ جب اے این پی کی گورنمنٹ تھی، جناب سپیکر صاحب! یہ باقاعدہ طور پر ایک پلان لیکر گئے تھے اس وقت کے پریذیڈنٹ کے پاس کہ ہم قاضی وہاں پر تعینات کرنا چاہتے ہیں اور وہاں پہ ان کو Employ کرنا چاہتے ہیں اور اگر یہ ہو جائے تو وہ طالبان جو ہیں، وہ دہشت گرد جو ہیں تو وہ دہشت گردی ختم ہو جائے گی، Although کہ پریذیڈنٹ صاحب اس بات پہ متفق نہیں تھے لیکن چونکہ پلان جو تھا وہ ان کی گورنمنٹ کی طرف سے تھا، ان کو ماننا پڑا اور وہ ہوا لیکن اس کا کیا انجام ہوا؟ اسی طرح جناب سپیکر صاحب، مذاکرات تین چار پانچ چھ، کتنے ہی مذاکرات ہوئے؟ ابھی جیسے کہ مفتی جانان صاحب نے کہا کہ 52 دن ہو گئے ہیں اے پی سی کو، کیا ہوا؟ اور جناب سپیکر صاحب، چونکہ آپ کا تعلق قانون سے بھی ہے، جب جناب سپیکر صاحب، میں آتی ہوں ٹی وی پہ اور میں آکر یہ بیان دیتی ہوں کہ میرے کچھ ساتھیوں کو کسی وجہ سے مارا گیا ہے، میرے دو ساتھیوں کو اور اس کے بدلے میں میں 18 جانیں لے لیتی ہوں اور میں کھل کر بات کرتی

ہوں، میں کسی سے ڈرتی نہیں ہوں سوائے اللہ کی ذات کے کیونکہ موت کی حفاظت جو ہے، وہ زندگی خود کرتی ہے اور جب یہ بات آجاتی ہے، جب تحریک طالبان پاکستان کی ذیلی تنظیم انصار المجاہدین کے ابو بصیر یہ کہتے ہیں کہ میں نے یہ بدلہ اس لئے لیا کہ ڈی آئی خان جیل میں میرے دو ساتھی، وہ جو Break (Jail) کیا گیا تھا تو اس میں میرے دو ساتھی مارے گئے ہیں۔ جناب عالی! وہ اپنے ایک کے بدلے میں پانچ اور چھ اور ہم اس جنگ کو ہم اپنا Own بھی نہیں کر سکتے؟ پھر جناب سپیکر صاحب، جب ایک بندہ آکر خود ٹی وی پہ کہہ دیتا ہے کہ یہ میں نے کیا ہے تو اس کے گھر والے تو ٹھیک ہے وہ نامعلوم افراد کے خلاف بالکل ایف آئی آر کروائیں لیکن یہاں پہ بیٹھا ہوا ہر شخص، چرچ کے لوگ ہوں، جو بم بلاسٹ ہوا ہے بس میں، جو قصہ خوانی میں ہوا ہے، جو اسرار اللہ گنڈا پور صاحب کی شہادت ہے، یہ میں ان لوگوں کو برملا کہتی ہوں کہ اپنے لئے کچھ اور کھانے کی بجائے رات کو بادام بھگو کر رکھا کریں اور صبح وہ کھایا کریں تاکہ ان کی یادداشت تازہ رہے کہ دو گروپوں نے دو Incidents کی تو ذمہ داری قبول کی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اسرار اللہ گنڈا پور ہو، چاہے یہ سب لوگ ہوں، یہ سٹیٹ کے لوگ ہیں، جیسے کہ میرے آنریبل منسٹر نے کہا کہ حکومت سوئی ہوئی نہیں ہے، بالکل حکومت سوئی ہوئی نہیں ہے، وہ انتظامات کر رہی ہو گی لیکن حکومت کو چاہیئے کہ جب کوئی آتا ہے ٹی وی پہ اور وہ یہ Own کرلیتا ہے کہ یہ میں نے کیا ہے اور بدمعاشی سے کرتا ہے، وہ سٹیٹ کو للکارتا ہے کہ یہ میں نے کیا ہے، جاؤ تم جو کچھ کر سکتے ہو میرے خلاف کرلو، ایف آئی آر جناب سپیکر صاحب! ان لوگوں پر ہونی چاہیئے، نامعلوم پر کیوں؟ جب ایک شخص یہ کہہ دیتا ہے، عدالت میں جب کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ یہ میں نے کام کیا ہے، میں نے اس کو قتل کیا ہے، اس کو اسی وقت پھانسی کی سزا ہو جاتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب! ایک طرف ہم مذاکرات کی بات کرتے ہیں، دوسری طرف ہم جنگ کو Own نہیں کرتے ہیں، تیسری طرف ہم کہتے ہیں کہ یہ ہمیں بند گلی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ ایک طرف جنگ کی بات ہو رہی ہے، ایک طرف امن کی بات ہو رہی ہے اور دوسری طرف ہم پر حملے ہو رہے ہیں تو یہ کیسی، یعنی ہم خود بھی ابھی Mentally طور پر Confusion کی طرف جا رہے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! یہ 123 کا ہاؤس رہ گیا ہے، اس 123 کے ہاؤس کو یہ کھڑے ہو کر فیصلہ کرنا پڑیگا کہ یہ جنگ ہماری ہے؟ اگر ہے تو Own کریں اور اگر نہیں ہے تو برملا اس کو کہہ دیں کہ یہ ہماری جنگ نہیں ہے، تم جانو اور تمہارا کام جانے۔ پھر جناب

سپیکر صاحب! رات کو اسرار اللہ گنڈا پور صاحب کی شہادت کی خبر ٹی وی پر آتی ہے اور چونکہ عید کا دن ہے تو ظاہر ہے کہ اس کے ساتھ اور چینلز بھی چل رہے ہیں تو جب دوسرا چینل میں لگاتی ہوں تو مجھے بڑے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے جناب سپیکر صاحب کہ دوسرے چینل پر ایک اور منسٹر کی عید کی مبارکباد چل رہی ہے اور حکومت تین دنوں کے سوگ کا اعلان کرتی ہے، کیا تضاد ہے؟ کیا جناب سپیکر صاحب! ہم لوگوں نے موت کو بھلا دیا ہوا ہے کہ میرا ایک جوان، ایک ایسا شخص جس نے اس اسمبلی کیلئے قانون، آئین کی پاسداری کرتے ہوئے، کیا قصور تھا اس کا؟ لیکن جب وہ شہید ہو جاتا ہے تو کم از کم ٹی وی چینلز پر مبارکباد کور کھوا دینا چاہیئے تھا، ایک طرف تین دن کا سوگ، دوسرے چینل پر مبارکباد، جناب سپیکر صاحب! اب یہ ڈبل سٹینڈرڈ نہیں چلے گا کہ آپ اپنی لیڈر شپ کو خوش کرنے کیلئے یا آپ اپنی Constituency کے لوگوں کو خوش کرنے کیلئے ان کو تو عید کی مبارکباد دیں اور دوسری طرف شہزادوں کی طرح جو شخص ہے، وہ منوں مٹی کے نیچے جا سوئے۔ پھر جناب سپیکر صاحب، یہاں پر ایک اور بات آتی ہے کہ شہادت جو ہے، شہید تو کبھی مرتا نہیں ہے، وہ زندہ ہے، جیسا کہ کل تلاوت ہوئی اور اسی تلاوت کی وجہ سے جو یہ سسکیاں، آہیں اور یہ جو سب کچھ گونج رہا تھا، ایہ اس تلاوت اور اس کے بعد جب اسرار اللہ گنڈا پور کی اس میز کو دلہن کی طرح سجایا گیا جناب سپیکر صاحب، ابھی تک دل رو رہے ہیں، آنکھوں میں آنسوں ہیں، آپ کی آواز جس طریقے سے، کل جب آپ جیسے شخص کا دل ایسی جوان موت پر، بے وقت موت پر جناب سپیکر صاحب، اب ہم نے کچھ نہ کچھ فیصلہ کرنا ہے کیونکہ افواج پاکستان ٹارگٹ، پولیس ٹارگٹ، لیویز ٹارگٹ، ایف سی ٹارگٹ، ذبح کئے ہوئے سر ہمیں مل رہے ہیں تحفوں میں اور اس کے باوجود ہمارے معصوم جو عوام ہیں، یہ کس چیز کی ہمیں سزا مل رہی ہے؟ جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتی ہوں کہ اب وقت آگیا ہے اور پھر مجھے افسوس ہے، آج جناب سپیکر صاحب، شکر کریں آج میڈیا نہیں ہے، انہوں نے جو بائیکاٹ کیا، اچھا ہوا ہے کہ چلے گئے ہیں ورنہ جب یہ خالی کرسیاں وہ دکھاتے تو ہم سب کو اپنا انجام یاد آجاتا کہ جس اسمبلی کیلئے، جس قانون کیلئے، جس عوام کیلئے، جس آئین کیلئے ہم لوگ جانیں دیتے ہیں وہاں پر چیف منسٹر صاحب نہیں، وہاں پر منسٹران نہیں، وہاں پر پوری پارٹی نہیں، جناب سپیکر صاحب! ہم کیا بے حس ہو گئے ہیں، ہم نے بے حسی کا لبادہ اڑھ لیا ہے؟ جناب سپیکر صاحب! میں نے کہا کہ موت زندگی کی خود حفاظت کرتی ہے، زندگی موت

کی حفاظت کرتی ہے اور جب موت آنا ہوتی ہے تو وہ اسی طرح آجاتی ہے جس طریقے سے کہ اسرار اللہ گنڈاپور کو اس نے گلے لگالیا، تو ہم جب ایمان اس چیز پر لیکر آتے ہیں کہ 'موت کا ایک دن معین ہے نیند کیوں رات بھر نہیں آتی' ، جناب سپیکر صاحب! جب ہمیں پتہ ہے کہ یہ دنیا فانی ہے تو میں تو سمجھ رہی تھی، یہ اجلاس تو ہم نے بلایا تھا کہ آج یہ ہال کھچا کھچ بھرا ہوا ہو گا اور آج ہم لوگ جو ہیں، ہم اپنے ان لوگوں کو جو شہید ہو گئے ہیں، کہاں ہیں ہمارے ہیلتھ منسٹر صاحب، کہاں ہے شاہ فرمان صاحب، ہمارے انفارمیشن منسٹر صاحب؟ جناب سپیکر صاحب! میں تنقید نہیں کر رہی ہوں، جناب سپیکر صاحب دل رو رہا ہے، کیا ہم ایسے ہی بے حس رہیں گے، یہاں کی کرسیوں کو خالی دیکھ کر اور وہاں کی خالی کرسیوں کو دیکھ کر کیا ہم صرف اس لئے آتے ہیں کہ یہاں پر حاضری لگائیں اور ہم دو چار باتیں کریں کہ ہماری تصویر آجائے میڈیا پر اور پھر اس کے بعد ہم لوگ نکل جائیں؟ جناب سپیکر صاحب، اسرار اللہ گنڈاپور کیلئے جو دعائیں، اور اس کی کرسی کو دیکھ کر ہمارے دلوں پر جو ہیبت رہی ہے جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے توسط سے گورنمنٹ سے مطالبہ کرتی ہوں کہ یا تو اس ہال کا کوئی حصہ یا ڈی آئی خان یا پشاور کی کوئی عمارت یا سڑک اس کے نام سے منسوب کی جائے، حالانکہ یہ کچھ بھی نہیں ہے اور میں مرکزی گورنمنٹ سے یہ ضرور درخواست کرونگی آپ کی وساطت سے، اس اسمبلی کی وساطت سے کہ ان کو کسی ایسے اعزاز سے نوازا جائے، وہ اعزاز اس کے بچوں کیلئے کچھ بھی نہیں ہے لیکن کم از کم جب وہ اعزاز پڑا ہو گا تو ان کو پتہ چلے گا کہ:

؎ عمر بھر خشت زنی کرتے رہے اہل وطن یہ الگ بات کہ دفنائیں گے اعزاز کے ساتھ

جناب سپیکر صاحب، كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ ٱلْمَوْتِ لیکن جناب سپیکر، باتیں بہت زیادہ ہیں، ایک ہی بات کو جناب سپیکر کہہ دونگی کہ، "نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے"، یہ اقبال نے کہا تھا ہندوستان کیلئے اور وہی ہوا لیکن میں اس میں تھوڑی سی ترمیم کر رہی ہوں کہ:

؎ نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے اے خیبر پختونخوا والو!
تمہاری داستان تک بھی نہیں ہو گی داستانوں میں

شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شکریہ جی۔ مولانا عصمت اللہ صاحب۔

جناب محمد عصمت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، کل کا اور آج کا یہ اجلاس ایک تعزیتی اجلاس ہے جو یہ اسمبلی ایک انتہائی قابل، باصلاحیت ساتھی سے محروم ہو چکی ہے، یہ پورا ہاؤس ان کے پسماندگان کے ساتھ اس درد اور دکھ میں شریک ہے۔ جناب سپیکر، موت ایک اٹل فیصلہ ہے جو اللہ تعالیٰ قرآن میں یقین سے تعبیر کرتا ہے، فرماتا ہے_ وَٱعۡبُدۡ رَبَّكَ حَتَّىٰ يَأۡتِيَكَ ٱلۡيَقِينُ_ اپنے پروردگار کی فرمانبرداری کرتے رہو یہاں تک کہ یقین آ جائے۔ جناب سپیکر، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نماز پڑھتے رہو، جب یقین آ جائے تو پھر بس کرو، روزے رکھتے رہو پھر جب یقین آ جائے تو بس کرو، زکواۃ دیا کرو جب یقین آ جائے تو بس کیا کرو، مطلب یہ نہیں ہے، مطلب یہ ہے کہ وہ یقینی چیز کے آنے تک، وہ موت ہے۔ جناب والا، اللہ تبارک و تعالیٰ قرآن مجید میں دو چیزوں کا بار بار ذکر فرمایا کرتا ہے، ایک شکر کا اور ایک صبر کا_ لَئِن شَكَرۡتُمۡ لَأَزِيدَنَّكُمۡ وَلَئِن كَفَرۡتُمۡ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ_________ _اور اسی طرح صبر کا لفظ بھی، جو لوگ قرآن شریف پڑھتے ہیں، بار بار قرآن شریف میں آتا ہے۔ یہ حقیقت میں انسان کی روح پر اس زندگی میں دو قسم کے حالات گزرتے ہیں، ایک خوشی کے اور ایک غمی کے، اور وہ زندگی میں ایک دفعہ نہیں، بار بار گزرتے ہیں، جیسا کہ دن اور رات انسان کی زندگی میں بار بار گزرتے ہیں اس طرح دنیا میں ایسا کوئی انسان نہیں ہوگا کہ اس کے اوپر سے خوشی بار بار سفر نہ کرے اور یا غم بار بار سفر نہ کرے۔ حقیقت میں یہ شکر، یہ خوشی کے موقع پر ہے اور صبر، یہ غمی کا علاج ہے اور پھر اللہ رب العزت نے فرمایا کہ جو انسان غمی کے اوپر صبر کرتا ہے، قرآن شریف کے مختلف موضوعات میں اس کی بہت بڑی حوصلہ افزائی فرمائی، اللہ فرماتا ہے: إِنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلصَّـٰبِرِينَ، اللہ صبر کرنے والوں کا ساتھی ہے اور اللہ کا کسی کا ساتھی ہونا، یہ بہت بڑی سعادت ہے اور پھر فرماتا ہے_ وَلَنَبۡلُوَنَّكُم بِشَيۡءٍ مِّنَ الۡخَوفۡ وَالۡجُوعِ وَنَقۡصٍ مِّنَ الأَمۡوَالِ وَالأنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرينَ_ اللہ فرماتا ہے کہ میں آپ کو مختلف آزمائشوں اور تکالیف سے گزاروں گا لیکن خوشخبری ان لوگوں کو سنائیں جو اس کے اوپر صبر کرتے ہیں اور دوسری جگہ ارشاد ہے کہ وَالصَّابِرِينَ، مفسرین فرماتے ہیں یہاں پر انقطاع ہے یعنی حمدہ الصابرین صبر کرنے والوں کا، اللہ فرماتا ہے، میں خود تعریف کرتا ہوں۔ جناب والا! انسان ہر مرحلے پر عاجز ہے، طاقتور ذات وہ اللہ کی ہے تو ایک تو چونکہ یہ غم، آج کا یہ غم جس شخص کا، ہم سے رخصت ہونے کا غم، یہ اکیلے اس کے خاندان کا، ان کے ورثا کا یا اکیلے اس

ہاؤس کا نہیں ہے بلکہ یہ پوری قوم کا ایک غم ہم سمجھتے ہیں، اس وجہ سے اللہ ہم سب کو اس موقع پر بھی صبر نصیب فرمائے اور حقیقت ہے کہ انسان میں بہت ساری خوبیاں اکٹھی ہونا، یہ بہت مشکل بات ہے اور جب اسرار اللہ خان گنڈاپور شہید کے اوپر خصوصی طور پر جو اخبار میں شائع ہوا تھا، انہوں نے بہت اچھا عنوان دیا تھا، "بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا"، تو جناب والا، کچھ لوگوں میں اخلاق ہوتے ہیں، کچھ لوگوں میں علم کا ذوق اور شوق ہوتا ہے، کچھ لوگوں میں شجاعت ہوتی ہے، کچھ لوگوں میں مہمان نوازی ہوتی ہے لیکن بہت سارے اخلاق کا، عادات کا کسی ایک شخص میں جمع ہونا، یہ کافی مشکل بات ہے اور اسرار اللہ خان گنڈاپور وہ شخصیت تھے کہ جس نے بہت ساری چیزیں اپنے آپ میں سمیٹے ہوئی تھیں، اگر وہ ایک منجھے ہوئے سیاستدان تھے تو وہ ایک اخلاق اور کردار والا آدمی بھی تھا۔ میرے خیال میں اس ہاؤس کا، اپوزیشن میں رہتے ہوئے بھی اور اقتدار میں رہتے ہوئے بھی، کوئی ساتھی ایسا نہیں ہوگا کہ جس کے دل کو اس کے کسی کردار کی وجہ سے دکھ پہنچا ہو اور اسی لئے ہی جناب رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے کہ " اذکرو محاسن موتکم" یعنی اپنے فوت شدہ بھائیوں کے محاسن کو یاد کیا کرو، ذکر کیا کرو ان کا اور یہ حقیقت میں محاسن کی حامل شخصیت تھے اور جناب والا! اس حوالے سے میں آپ کو یہ بھی عرض کروں کہ یہاں ہمارے ملک میں ایک لفظ کو کافی معیوب سمجھا جاتا ہے کہ ہم کہتے ہیں موروثی سیاست، تو جناب والا! یہ بھی موروثی سیاست کے حامل تھے، ان کے خاندان میں سیاست چلی آرہی تھی۔ 1991 میں اس اسمبلی میں ہم ان کے والد کے ساتھ شریک تھے، پھر دونوں آئے، پھر یہ آگے چلے اور قرآن کی اصطلاح میں بھی اس طرح ہے جناب والا، اور یہاں پر یہ بات میں ہاؤس کے سامنے رکھنا ضروری سمجھتا ہوں کہ قرآن کی اصطلاح میں جب ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ نے فرمایا کہ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَاماً، میں آپ کو لوگوں کا امام اور مقتدا بنا رہا ہوں، ابراہیمؑ نے فرمایا قَالَ وَمِنْ ذُرِيتي، اللہ سے مانگتے ہیں، درخواست کرتے ہیں، اے اللہ! میرے ورثاء میں بھی امامت دیدے، ان کو بھی مقتدا بنائے، یہاں سمجھنے کی اور نکتے کی اور توجہ طلب بات یہ ہے کہ اللہ رب العزت ان کو یہ نہیں فرماتے ہیں کہ یہ موروثی سیاست کا سوال آپ مجھ سے کیوں کرتے ہیں؟ بلکہ اللہ فرماتے ہیں، ایک قاعدہ اور ضابطہ فرماتے ہیں کہ لا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ، آپ کے ورثاء میں، آپ کی اولاد میں جو امامت اور قیادت اور سیادت کا اہل ہوگا، اس کو میں دوں گا اور اس کا زندہ جاوید ثبوت ہمارے

سامنے اسرار اللہ خان گنڈاپور ہے، لہذا اس موروثی سیاست کی مطلقاً نفی کرنا یہ قرآن کی اصطلاح کے خلاف بات ہے۔ تو جناب والا، اس شخص کی جتنی بھی تعریف کی جائے، کم ہے اور پھر پارلیمانی سیاست میں ان کا جو کردار ہے، اس اسمبلی کے، اس ہاؤس کے جو ہمارے ساتھی ہیں، وہ گواہ ہیں اس بات کے کہ وہ کس قسم کی قدآور شخصیت تھے اور قانون کے حوالے سے ہمارے دستوری نکات پر ان کو کتنی دسترس حاصل تھی؟ اور اس کیلئے کافی دماغ خرچ کرنا پڑتا ہے جناب سپیکر، اور وہ خاموش آکر بیٹھتے تھے اور خاموش یہاں سے اٹھ کر جاتے تھے۔ اصل میں ان کا ملک کے آئین کے ساتھ، دستور کے ساتھ لگاؤ تھا، انہوں نے اپنے آپ کو وقف کیا ہوا تھا، ان کا کردار ہمارے لئے، ہم سب اس ہاؤس کے ساتھیوں کیلئے وہ ایک مشعل راہ چھوڑ کر گئے ہیں۔ جناب والا، جہاں تک امن وامان کی بات ہے تو یہ اکیلا مسئلہ امن وامان کا نہیں رہا ہے اس ملک میں، ہم غلط فہمی میں نہ رہیں، یہ مسئلہ اب اس ملک کی سالمیت کا ہے، اس ملک کی سالمیت کا ہے اور اس ملک کیلئے اندرونی اور بیرونی خطرات ہمارے اس ملک کی سالمیت کے درپے ہیں، اس سے بھی ہم سب واقف ہیں، جو خارجی عوامل مداخلت کر رہے ہیں، جو اندرونی مداخلت یہاں پر عمل پیرا ہے، اس سب سے بھی ہم واقف ہیں، ہم نے آنکھیں بند کی ہوئی ہیں، ہم یکطرفہ جا رہے ہیں، ٹریفک چلا رہے ہیں، یہ حقیقت ایسی نہیں ہے اور جب تک ہم حقیقت پہ نہیں آئیں گے تو ہم مرض کی تشخیص نہیں کریں گے تو اس کے علاج کیلئے ہم کہاں کے ہوں گے جناب والا؟ جناب والا، یہ بات میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں، یہاں پہ بہت سارے ساتھی کہتے ہیں کہ فلاں لوگ آئین نہیں مانتے ہیں اور اگر حقیقت پہ ہم آجائیں تو ہم نے اس ملک کے اساسی نظریے کو کب دل سے تسلیم کیا ہے، یہ ملک جس نظریے پر بنا ہے، اس ملک کے آئین میں اس نظریے کے مطابق جو دفعات ہیں، ان دفعات کی طرف ہم نے کب سوچا ہے؟ ہم نے کب قدم آگے بڑھانے کی کوشش کی ہے اور جناب والا، جناب اصدق المخلوقات نے فرمایا تھا "الاسلام بداء غریباً وسیعود غریباً" کہ اسلام کو ابتداء میں لوگوں نے ناآشنا سمجھا تھا، اجنبی سمجھا تھا اور بہت ہی جلد لوگ اسلام کو ناآشنا سمجھیں گے اور اجنبی سمجھیں گے۔ جناب والا، ہمارے آئین میں دوٹوک الفاظ میں یہ بات درج ہے کہ اللہ حاکم مطلق ہے اور پاکستان کے جمہور کو جو اختیار اور اقتدار ملا ہے، وہ اس کے مقرر کردہ حدود کے اندر رہتے ہوئے استعمال کریں گے، اس بات پر آئین سازی کیلئے کون تیار ہے؟ یہ جو اسلامی نظریاتی کونسل کی کتابیں جو ایک انسان نہیں اٹھا

سکتا ہے، ہر سال پارلیمنٹ کو، صوبائی اسمبلیوں کو بھیجی جاتی ہیں، ہم نے اس سے کیا فائدہ اٹھایا ہے؟ کیا یہ آئین کا تقاضا نہیں ہے؟ جناب والا، ہم اگر کسی کو ایک انگلی سے اشارہ کرتے ہیں تو چار انگلیاں ہماری طرف بھی ہو جاتی ہیں، لہذا خدارا یہ وقت صبر کرنے کا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس ملک کے اساسی نظریے کی طرف، اس ملک کے آئین کی طرف، ابتداء سے لیکر انتہا تک، اور ایسا نہیں کہ غیر ملکی آقاؤں کے اشاروں پر، اگر ملک کے آئین میں ان کی خوشنودی ہو تو ہم آگے بڑھ جائیں اور اگر ان کے نظریات، ان کے عقائد کے خلاف، یہ ملک جس نظریے پر بنا ہے، اگر اس کیلئے کوئی آگے بڑھ جائے تو اس کو ہم سرد خانے میں ڈال دیں، تو جناب والا! ہم پھر جس ملک کیلئے جس لگاؤ کے ساتھ جو مخلصانہ طور پر اس ملک کے بنانے کیلئے لوگوں نے جو قربانیاں دی ہیں، ہم ان کے ساتھ پھر غداری کے مرتکب ہوں گے، ہم پھر غداری کے مرتکب ہوں گے جناب والا۔ تو جناب والا، ایسا نہیں ہے، ایسا نہیں ہے، اس پوری ملت اسلامیہ کو اس وقت یرغمال بنایا ہوا ہے اور کس نے یرغمال بنایا ہوا ہے؟ آج مصر کی صورتحال کو دیکھو، آج شام کی صورتحال کو دیکھو، پاکستان بھی ایک نظریاتی ملک ہے، کیا اس کو لوگ چھوڑیں گے آپ کو؟ لہذا ان سب عوامل کو مد نظر رکھنا ہو گا ہمیں، ایسا نہیں کہ ہم ان کے کرائے دار بن کر لوگوں کو قتل کریں اور ان سے امداد وصول کرتے رہیں اور ہم کہیں کہ ادھر امن وامان آجائے گا، ایسا نہیں ہے۔ یہاں پر بھی ان غیر ملکی لوگوں کے دلال موجود ہیں، ان کے کرائے دار موجود ہیں یہاں پر، یہ کس سے پوشیدہ ہے؟ خدارا سنجیدگی کو اپنانا چاہیئے اور اس ملک کے اساسی نظریات کے ساتھ جو لوگ دشمنی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، ان سے ہوشیار ہو کر رہنا چاہیئے۔ اگر اس ملک کے اساسی نظریے کو ہم نے بھلا دیا، پھر امن وامان تو دور کی بات ہے، اس ملک کی سالمیت کو خطرہ ہے، اگر اس ملک کو قائم اور دائم رکھنا ہے تو اس ملک کے اساسی نظریے کی آبیاری کرنا ہو گی، اگر ہم نے اس ملک کے اساسی نظریے کی آبیاری نہیں کی تو پھر امن وامان تو دور کی بات ہے، میں اس اسمبلی کے فلور پر کہتا ہوں اور بہ آواز بلند کہتا ہوں کہ پھر اس ملک کے اساسی نظریے کا جب ہم دفاع نہیں کریں گے، اس کیلئے ہم کمر بستہ نہیں ہوں گے، اس نظریے کو ہم نہیں اپنائیں گے، اس کو پس پشت ڈالیں گے تو ہم پھر غیر ملکی آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے اس ملک کی سالمیت کو بحال نہیں رکھ سکتے ہیں جناب سپیکر۔ جناب والا، میں آخر میں ایک

بار پھر اپنے انتہائی قابل قدر، باصلاحیت اور Commitment والے آدمی کی کرسی کو سلام پیش کرتے ہوئے اپنے الفاظ کو ختم کر دیتا ہوں۔ وآخِرُالدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم شہرام خان ترکئی صاحب۔

جناب شہرام خان (وزیر زراعت): بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر۔ تعزیتی اجلاس جو اسرار اللہ گنڈاپور کے حوالے سے بلایا گیا ہے، خراج تحسین پیش کرتے ہیں ہم اسرار اللہ گنڈاپور شہید کو جو ہمارا ایک بہت ہی اچھا ساتھی تھا، بہت ہی سوجھ بوجھ رکھنے والا تھا، قانون کو سمجھتا تھا، اخلاقیات کو سمجھتا تھا، روایات کو سمجھتا تھا، ایک اچھا پارلیمنٹیرین تھا، ایک اچھا منسٹر تھا، ہماری کیبنٹ کا ممبر بھی تھا اور میرے ساتھ تو جناب سپیکر، میرے دائیں ہاتھ پہ بیٹھتا تھا اور بہت ساری باتوں میں اسرار اللہ گنڈاپور صاحب شہید سے مشورے ہم لیتے تھے، ان سے بہت ساری چیزوں کے سمجھنے کا موقع ملتا تھا۔ ایک بہت بڑا Vacuum میں کہہ لوں کہ Create ہو گیا ہے، یہ کمی پوری نہیں ہو سکتی۔ جو حالات ہیں اس صوبے میں، اس ملک میں جس سے یہ پورا ملک گزر رہا ہے، وہ پارلیمنٹرینز ہوں یا ہمارے عوام ہوں، یقیناً ایک امتحان کا دور ہے اور اس امتحان کے دور میں میں یہ کہتا چلوں جناب سپیکر کہ اتفاق کی ضرورت ہے، ایک ہونے کی ضرورت ہے، یہ مسئلہ ایک بندے کا نہیں ہے، ایک پارٹی کا نہیں ہے، حکومت کا نہیں ہے، یہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، یہ پوری پارلیمنٹ کا مسئلہ ہے، یہ اپوزیشن ہو یا حکومت ہو، سارے مل کے اس مسئلے سے باہر نکلنے کی سوچ و فکر کریں اور پوائنٹ سکورنگ یا اس کے علاوہ اس سے باہر نکل کر اور ذاتیات سے باہر نکل کر ایک ایسا لائحہ عمل تیار کیا جائے جس سے اس ملک کو فائدہ ہو۔ جو قربانیاں ہمارے بھائیوں نے دی ہیں، ہمارے عزیزوں نے دی ہیں، اس قوم کے بچوں نے دی ہیں، بزرگوں نے دی ہیں، اس کو ایک ایسے راستے پہ ڈالا جائے تاکہ امن آ سکے اس صوبے میں، اس ملک میں اور سوچنے کی بات ہے جناب سپیکر کہ یہ کرسی جو خالی ہے آج، جس پہ پھول پڑے ہوئے ہیں، اس کی بیوی اور بچوں پہ کیا گزر رہی ہو گی؟ ان کیلئے امتحان کا دور ہے، ان کیلئے سب سے زیادہ تکلیف دہ دور ہے اور مجھے یاد ہے جس دن اسرار شہید کی شہادت ہوئی تھی، اس دن اس کے گھر والے، بچے مردان میں تھے اور جو رات کو، شام کو ان پتہ چلا اور ان کو ڈی آئی خان جانا پڑا، اس حوالے سے چونکہ کچھ بندے میرے بھی جاننے والے تھے، ان کی طرف سے خبر آئی تھی کہ ان کی فیملی یہاں پہ ہے اور

ان کو جانا ہے تو وزیر اعلیٰ صاحب سے ریکویسٹ کی تھی اور انہوں نے ان کو Escort کیا تھا، تو یقیناً کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ان کیلئے سب سے زیادہ امتحان کا دور ہے اور اس طرح بہت سارے اور بھی بچے اس ملک کے ہیں، جو تکلیف اسرار اللہ گنڈاپور صاحب کے بچوں پہ ہے، وہ بہت سارے اور بچوں پہ بھی ہے، تو اس کیلئے ہم یہ کہتے چلیں کہ ایک ایسا لائحہ عمل تیار کیا جائے اور جو کر بھی رہی ہے حکومت الحمد للہ اور جو ساری پارٹیوں نے بھی کیا ہے کہ ایک ایسا اقدام اٹھایا جائے تاکہ اس ملک میں امن لایا جائے۔ ہم مانتے ہیں کہ حکومت کو بہت سارے چیلنجز ہیں، بہت ساری مشکلات ہیں، تکلیفات ہیں لیکن ان کو اس سے لڑنے کیلئے جذبہ ہونا چاہیئے جو کہ الحمد للہ آج ہے، اس کی کمی نہیں ہے، بس یہ ہے کہ ان کو اتفاق رائے سے اکٹھا کرنے پڑے گا۔ میں اپنی باتیں ختم کرنا چاہتا ہوں تاکہ میرے اور بھائی بھی اپنی باتیں کر سکیں۔ ایک دفعہ پھر میں یہ کہوں کہ اسرار اللہ گنڈاپور صاحب کی کمی ساری عمر رہے گی اور ان کی جو خدمات ہیں، وہ ساری عمر یاد رہیں گی اور حکومت، اپوزیشن ہمارے ممبرز پارلیمنٹ، یہ صوبہ اور یہ ملک ان کو یاد رکھے گا۔ Thank you very much, janab Speaker۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ مسٹر عنایت اللہ خان صاحب۔

مسودہ قانون بابت مقامی حکومتیں مجریہ 2013ء کیلئے مجلس منتخبہ کی دوبارہ تشکیل

Mr. Inayatullah (Minister for Local government): Sir, I beg to move that leave may be granted to propose additional members to the Select Committee, already constituted by the House on 11th October for consideration of the Khyber Pakhtunkhwa Local Government Bill, 2013.

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the leave may be granted to the honourable Minister, to propose additional members in the Select Committee, already constituted by this House on 11-10-2013 for consideration of the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government Bill, 2013? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The honourable Minister, to please move his motion for inclusion of additional members in the Select Committee for consideration of Khyber Pakhtunkhwa, Local Government Bill, 2013. Honourable Minster, please.

Minister for Local Government: Sir, I beg to move that the following members may be included in the Select Committee for consideration of Khyber Pakhtunkhwa, Local Government Bill, 2013:

01. Mr. Shah Farman; and
02. Mr. Shahram Khan Tarakai.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the proposed honourable members may be included in the Select Committee for consideration of Khyber Pakhtunkhwa, Local Government Bill, 2013? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The proposed honourable members are included in the Select Committee for consideration of Khyber Pakhtunkhwa, Local Government Bill, 2013. The Sitting is adjourned till 04:00 p.m. of tomorrow afternoon.

(اجلاس بروز جمعة المبارک مورخہ 25 اکتوبر 2013ء بعد از دوپہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)